SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
November 14, 2016

# ایس ای سی پی کی جانب سے فارم A/29 اور سالانہ گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع

اسلام آباد، ۱۴ نومبر: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے سالانہ گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع کردی ہے۔ تمام کمپنیوں کے لئے فارم 29 (ڈائریکٹران اور افسران بشمول چیف ایگزیکٹیو اور آڈیٹرز کے کوائف) جمع کرانے کی تاریخ میں بدھ، ۱۶ نومبر، ۲۰۱۶ تک توسیع کردی گئی ہے جبکہ لسٹڈ کمپنیوں کے علاوہ کے لئے فارم A/B (سالانہ گوشوارے) جمع کرانے کی تاریخ میں جمعہ، ۲ دسمبر، ۲۰۱۶ تک توسیع کردی گئی ہے۔ تمام کمپنیاں لسٹڈ یا لسٹڈ کے علاوہ سے درکار ہے کہ وہ اپنے سالانہ آڈیٹڈ گوشوارے ۲ دسمبر، ۲۰۱۶ تک جمع کرادیں جو کہ پہلے ۳۰ نومبر، ۲۰۱۶ (بدھ) کو جمع کرانے تھے۔ لسٹڈ کمپنیوں کے لئے فارم A جمع کرانے کے تاریخ ۱۵ دسمبر، ۲۰۱۶ (جمعرات) ہی رہے گی۔

یہ فیصلہ ان کمپنیوں کو سہولت فراہم کرنے کے لئے کیا گیا ہے جنہوں نے ۳۱ اکتوبر، ۲۰۱۶ کو اپنا سالانہ اجلاسِ عام منعقد کیا تھا۔ ان کمپنیوں کے لئے فارم 29 جمع کرانے کی آخری تاریخ ۱۴ نومبر، ۲۰۱۶ سے بڑھا کر ۱۶ نومبر، ۲۰۱۶ کر دی گئی ہے۔ مزید برآں، لسٹڈ کمپنیوں کے علاوہ دیگر تمام کے لئے فارم A جمع کرانے کی آخری تاریخ ۳۰ نومبر، ۲۰۱۶ اور لسٹڈ کمپنیوں کے لئے ۱۵ دسمبر، ۲۰۱۶ ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254

کمپنیوں کو سہولت فراہم کرنے کے لئے لسٹڈ کمپنیوں کے علاوہ تمام کمپنیوں کے لئے فائلنگ کی تاریخ ۲دسمبر،۲۰۱۶ کردی گئی ہے جبکہ لسٹڈ کمپنیوں کے لئے فارم A جمع کرانے ۱۵دسمبر،۲۰۱۶ہی رہے گی۔ یہاں یہ بتانا ضروری ہے کہ لسٹڈ کمپنیوں کے علاوہ تمام کمپنیاں کے لئے سالانہ اجلاسِ عام منعقد کرنے کے تیس دن کے اندر فارم A/B جمع کرانا، جبکہ لسٹڈ کمپنیوں کے لئے پینتالیس دن کے اندر فارم A جمع کرانا ضروری ہے۔

ٹکرز:

- ایس ای سی پی نے سالانہ گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخوں میں توسیع کردی۔
- کمپنیوں کے لئے فارم 29 جمع کرانے کی تاریخ میں ۱۶نومبر تک توسیع۔
- لسٹڈ کمپنیوں کے علاوہ تمام کمپنیوں کے لئے فائلنگ کی تاریخ میں ۲دسمبر،۲۰۱۶ تک توسیع۔
- تمام کمپنیاں(لسٹڈ یا لسٹڈ کے علاوہ) اپنے سالانہ آڈیٹڈ گوشوارے ۲دسمبر تک جمع کرائیں گی۔
- لسٹڈ کمپنیوں کے لئے فارم A جمع کرانے کی آخری تاریخ ۱۵دسمبر ہی رہے گی۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254